## صدر آصف علی زرداری اور نومنتخب چیئرمین سینیٹ فاروق ایچ نائیک سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

## چیئرمین سینیٹ اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخابات میں بلامقابلہ کامیابی پر مبارکباد

لندن۔۔۔12،مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان آصف علی زرداری کو سینیٹ کے چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین کے انتخابات میں چیئرمین فاروق ایچ نائیک اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ جان محمد جمالی کو بلامقابلہ منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی۔صدر پاکستان آصف علی زرداری سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کے انتخابات میں پیپلز پارٹی کے امیدواروں کی بلامقابلہ کامیابی تاریخی ہے۔صدر آصف علی زرداری نے بھی جناب الطاف حسین کو چیئرمین سینیٹ اور ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کیلئے فاروق ایچ نائیک اور جان محمد جمالی کی بلامقابلہ کامیابی کی دلی مبارکباد پیش کی اور ایم کیوایم کے تعاون پر ان کا شکریہ ادا کیا۔دریں اثناء جناب الطاف حسین نے نومنتخب چیئرمین سینیٹ فاروق ایچ نائیک سے بھی بات چیت کی اور انہیں بلامقابلہ کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔سینیٹ کے نومنتخب چیئرمین فاروق ایچ نائیک نے انتخابات میں ایم کیوایم کے تعاون پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔جناب الطاف حسین نے چیئرمین سینیٹ سے درخواست کی کہ وہ ڈپٹی چیئرمین جان محمد جمالی کو بھی ان کی جانب سے بلامقابلہ کامیابی پر مبارکباد پیش کریں۔

## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے والد کی 42ویں برسی کل ملک بھر میں منائی جائے گی

کراچی۔۔۔12/مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے والد محترم نذیر حسین مرحوم کی 42ویں برسی جمعہ 13 مارچ کو ملک بھر میں عقیدت واحترام سے منائی جائیگی اور مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوں گے۔اس سلسلے میں مرکزی اجتماع جمعہ کو بعد نماز عصر خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کراچی میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے۔اسی طرح سندھ بھر میں ایم کیوایم کے زونل دفاتر صوبہ پنجاب،سرحد،بلوچستان اور دالخلافہ اسلام آباد کے علاوہ آزاد کشمیر کے ضلعی دفاتر میں بھی ایم کیوایم کے تحت قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے چھوٹے بڑے اجتماعات منعقد کیے جائیں گے اور مرحوم کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔

## بروہی،پختون اور پنہور برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان

کراچی۔۔۔12/مارچ2009ء

حاجی ابراہیم پنہور گوٹھ کورنگی انڈسٹریل ایریا کے رہائشی بروہی،پختون اور پنہور برادری سے تعلق رکھنے والے تین سو سے زائد افراد نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز کورنگی انڈسٹریل ایریا میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت منعقدہ اجلاس میں کیا۔اجلاس میں کے ایم اوسی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر،اراکین محمد علی کلمتی،ممتاز علی اور گل محمد مینگل کے علاوہ ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر محمد عمر پنہور،مہر علی پنہور،حاجی محمد پنہور،عارف بروہی اور سلطان شاہ سمیت سینکڑوں افراد نے غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ایم کیوایم میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے اور غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے جس طرح بلاامتیاز وتفریق عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی ہیں اس کی مثال نہیں ملتی۔اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ حق پرستی کا درس دیا اور 98 فیصد عوام کے جائز حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی اس جدوجہد کی پاداش میں ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان نے جام شہادت نوش کیا ہے اور تمام تر مصائب مشکلات کے باوجود ایم کیوایم آج بھی انسانیت کی عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے بروہی،پختون اور پنہور برادری سے تعلق رکھنے والے تمام افراد کا ایم کیوایم میں شمولیت کا خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ٹنڈوالہیار زون کے کارکن عاطف اقبال کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12/ مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثے میں ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے جواں سال کارکن عاطف اقبال کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عاطف اقبال مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ٹنڈوالہیار زون کے کارکن عاطف اقبال ٹریفک حادثے میں جاں بحق
## مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان کی شرکت کی

ٹنڈوالہیار۔۔۔12/ مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہیار زون یونٹ C-4 کے جواں سال کارکن عاطف اقبال عرف علی ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔(انااللہ وانا الیہ راجعون)تفصیلات کے مطابق عاطف اقبال موٹرسائیکل پرسوار ہوکر جارہے تھے کہ سامنے سے آنے والے ٹرک نے ان کی موٹرسائیکل کوٹکر ماردی جس کے نتیجے میں عاطف اقبال موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔دریں اثناء مرحوم کی عمر 20 سال تھی اوران کے سوگواران میں والدین،دوبہنیں اورتین بھائی شامل ہیں۔علاوہ ازیں عاطف اقبال مرحوم کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان میرواں ناکہ قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد میرواں ناکہ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زونل کمیٹی کے اراکین،علاقائی ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورمرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## عاطف اقبال،محمد بلال،حاجرہ بی بی،محترمہ مافیہ،دین محمد لعل اوراصغری بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔12/ مارچ2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون یونٹ فورسی کے کارکن عاطف اقبال عرف علی،ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹر یونٹ158 کے کارکن فاروق بندھانی کے صاحبزادے محمد بلال،لیاقت آبادسیکٹر یونٹ 157 کے کارکن منورظریف کی ہمشیرہ محترمہ حاجرہ بی بی،ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 70 کے کارکن محمد اصغر کی والدہ مافیہ،ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون یونٹ ون سی کے کارکنان عبدالرشیداورعبدالحمید کے والددین محمد لال اورایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹر یونٹ 162 کی ایڈھاک کمیٹی کے رکن شاہد خان کی دادی اصغری بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆